HWDSB

عدم التناسبی کی رپورٹ

ایچ ڈبلیو ڈی ایس بی عدم التناسبی رپورٹ(HWDSB Disproportionalities Report) سے متعلق

خزاں 2021ء سے گرما 2022ء کے دورانیہ میں ہم نے HWDSB میں تمام طلباء کے لیے *"ہم سب کی اہمیت ہے: ایچ ڈبلیو ڈی ایس بی We All* ("*Count: HWDSB Student Census*" طلباء کی مردم شماری" کی نگرانی منعقد کی۔ہم سب کی *اہمیت ہے(We All Count)* نے نسل، مذہب، جنس، شناخت، زبان اور معذوری کے لحاظ سے طلباء کی آبادیات کا ڈیٹا اکٹھا کیا۔سکول بورڈز کو ڈیٹا درکار ہے کیونکہ پروگرامنگ اور وسائل پر توجہ دے کر یہ طلباء کو درپیش منظم رکاوٹوں کی نشاندہی اور تدارک میں بورڈز کو اہم ڈیٹا فراہم کرتا ہے۔ HWDSB میں موجود تمام ایلیمنٹری و سیکنڈری سکولوں میں ہماری شرکت کی شرح 48% تھی۔

یہ ان ڈیٹا کا تعارف ہے جو ہم نے Disproportionality Data Report تیار کرنے کے لیے جمع اور استعمال کیے ۔ مندرجہ ذیل مختصر تفصیلات ہمارے کام، اس کی وجہ ، ہم نے جو سیکھا اور آئندہ پیش آنے والے واقعات کی عکاسی کرتی ہیں۔ Disproportionality Data Report اور آپ کی ترجیحی زبان میں دیگر رپورٹوں کے ترجمہ کے لیے دوسرے صفحے پر بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ترجمہ کی خصوصیات استعمال کرنے کی ہدایات درج ہیں۔

جب ہم نے ہم سب کی *اہمیت ہے (We All Count)* طلباء کا آبادیاتی ڈیٹا حاصل کر لیا تو ہم نے ہر ایک طالب علم کے ڈیٹا سے منسلک منفرد نمبر کو اُن کی کامیابیوں، حاضری، فلاح و بہبود اور (جہاں لاگو ہو) معطلی کے ڈیٹا کے ساتھ جوڑ دیا۔ جیسے ہی ڈیٹا لنک ہو گیا تو ہم نے ڈیٹا کے موازنہ کے لئے استعمال ہونے والے منفرد نمبر کو ختم کر دیا تا کہ طلباء کی کبھی شناخت نہ کی جا سکے۔ آخر میں ہم نے عدم التناسبی کا حساب کیا ۔

عدم التناسبی کیا ہے؟

جب ہم ایک مخصوص نتیجے میں ایک گروپ کی نمائندگی کو دیکھتے ہیں ،جو ہدف سے کم یا زیادہ یا توقع سے کم یا زیادہ ہو ،تو ہم اسے عدم التناسبی کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر ، جب سیاہ فام یا سودیشی (انڈیجنس) طلباء کو بورڈ کی اوسط سے زیادہ تعداد میں معطل کیا جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں انہیں ہمارے ڈیٹا میں تناسب کے مطابق ظاہر نہیں کیا گیا۔ ہمارے ڈیٹا میں، ہم نے کامیابی، حاضری، فلاح و بہبود اور معطلی میں عدم تناسب پایا۔

آگے کیا ہوتا ہے؟

کثیر سالہ اسٹریٹجک پلان (Multi-Year Strategic Plan) کے تعارف کے ساتھ ہم کئی اقسام کی حکمت عملی پر توجہ دیتے ہیں تاکہ منظم عدم نصف کی نشاندہی اور تدارک کے ذریعے عدم التناسبی سے نبرد آزما ہوا جا سکے جو کم گریڈز، زیادہ غیر حاضر، کم تر فلاح و بہبود کے حامل اور زیادہ معطل طلباء کے غیر مستفید گروپ سے تعلق رکھتے ہیں۔

ہم گریڈ 7 تا 10 کے طلباء ، تازہ ترین رجسٹرڈ اور گریڈ 4 کے طلباء کے والدین اور سرپرستوں کا سالانہ کی بنیاد پر ہم سب کی *اہمیت ہے (We All Count)* ڈیٹا اکٹھا کر کے اپنے ڈیٹاسیٹ کو بڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جب ہم اپنا ڈیٹا سیٹ بڑھا لیتے ہیں تو ہم پیش آنے والی تبدیلیوں کو سمجھنے کے لئے عدم التناسبی کو مزید باریکی سے دیکھنا شروع کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ، ہم جانتے ہیں کہ بورڈ کی اوسط سے زائد پر سیاہ فام طلباء کو معطل کیا جاتا ہے لیکن ہمیں یہ علم نہیں کہ کتنے سیاہ فام طلباء مسلمان، متنوع جنس، معذور ، مرد/ خواتین ہیں۔ ایک مکمل ڈیٹا سیٹ کے ساتھ ہم شناخت کی ان خصوصیات کو بھی دیکھ سکتے ہیں اور تفصیلی عدم التناسبی کی رپورٹ پیش کر سکتے ہیں جو مزید مشتمل حکمت عملی اور کام سے متعلق آگاہ کر سکتے ہیں۔

ہم ہم سب کی *اہمیت ہے (We All Count)* کی حمایت میں مزید گھرانوں کی مردم شماری کر رہے ہیں تاکہ ہم تمام طلباء کے لئے بہتر نتائج حاصل کر سکیں۔ ترجمہ کی ہدایات کے لئے براہ کرم صفحہ 2 اور مزید تفصیلات کے لئے Disproportionality Data Report ملاحظہ کریں۔

HWDSB ویب پیجز کا کیسے ترجمہ کیا جائے؟

جب آپ HWSB کے ویب پیج پر جاتے ہیں تو آپ کو صفحہ کے اوپر ڈراپ ڈاؤن مینیو نظر آئے گا۔ یہ اس طرح کا ہو گا:



جب آپ ڈاؤن ایرو پر کلک کریں گے تو آپ کو ایک مینیو نظر آئے گا جسے آپ سکرول کر کے اپنی زبان کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

جب آپ اپنی زبان کا انتخاب کر لیتے ہیں تو مکمل صفحہ ترجمہ شدہ انداز میں سامنے آئے گا۔

حد: ترجمہ کی خصوصیت ایمبیڈڈ فائلز جیسے PDFs یا CSVs پر کام نہیں کرتی۔